2. Brøker (UEG ss. 233-5, EØT Kompendium s. 26)

2.1. Hva betyr følgende uttrykk? Nevn et eksempel.

| | | |
|---|---|---|
| پاؤ گھنٹہ | 1/4 | پاؤ |
| آدھا سیب | 1/2 | آدھا |
| سوا (ایک) میٹر | + 1/4 | سوا |
| ساڑھے تین میٹر | + 1/2 | ساڑھے |
| پونا کیلو ، پونا ایک گھنٹہ | 3/4 | پونا |
| پونے دو گھنٹے | - 1/4 | پونے |
| ڈھائی میٹر ، ڈھائی منٹ | 2 1/2 | ڈھائی |
| ڈیڑھ میٹر ، ڈیڑھ منٹ | 1 1/2 | ڈیڑھ |

2.2. Sett et kryss ved riktig svar. (EØT Kompendium s. 26)

a) B
b) C
c) A
d) C
e) B

4. Modale verb (UEG ss. 115-7, EØT Kompendium s. 22-24)

4.1. Hvilket modalverb passer best— **saknā**, **cuknā** eller **pānā**? Oversett setningen

ا ۔ حامد اُردو بول سکتا ہے ۔

ب ۔ ابھی کیا وقت ہے ؟ — رات کے دس بج چکے ہیں ۔

پ ۔ میں آپ کی کیا خدمت کر سکتا / سکتی ہوں ؟

ت ۔ کیا میں اندر آ سکتا / سکتی ہوں ؟

ٹ ۔ دھوبی شاید کپڑے دھو چکا ہو ۔

ث ۔ بچّی پورے سیب کو نہیں کھا پائی / سکی ۔ (enkelt preteritum)

ج ۔ اُس رات کو نجمہ نہیں سو پائی / سکی ۔ (enkelt preteritum)

چ ۔ حامد اُن کے سوالوں کے جواب نہیں دے سکا / پایا ۔ (enkelt preteritum)

چ ۔ نجمہ مصروف ہے ، کل کی دعوت میں نہیں آ پائے گی / سکے گی ۔ (futurum)

4.2. Erstatt verbet med riktig konstruksjon av verbalrot + سکنا . Behold samme verbaltiden. Må du forandre setningens subjekt? (EØT Kompendium s. 22)

ا - اُس نے دروازہ نہیں کھولا ← وہ دروازہ نہیں کھول سکا / سکی -

ب - وہ عورتیں انگریزی نہیں بولتیں ← وہ عورتیں انگریزی نہیں بول سکتیں -

پ - میں کل آؤں گا / آؤں گی ← میں کل آ سکوں گا / آ سکوں گی -

ا - وہ راولپنڈی جائے گا ← وہ راولپنڈی جا سکے گا -

ا - میں نے اُس کی بات نہیں سمجھی ← میں اُس کی بات نہیں سمجھ سکا / سکی -

4.3. Erstatt verbet med riktig konstruksjon av verbalrot + چُکنا . Behold samme verbaltiden. Må du forandre setningens subjekt? (EØT Kompendium s. 23-4)

ا - اُس نے ابھی کتاب پڑھی ہے ← وہ ابھی کتاب پڑھ چکا / چکی ہے -

ب - وہ لوگ ابھی گئے ہیں ← وہ لوگ ابھی جا چکے ہیں -

پ - ہم نے ابھی وہ کام ختم کیا ہے ← ہم ابھی وہ کام ختم کر چکے ہیں -

ت - نجمہ نے ناشتہ کیا ہے ← نجمہ ناشتہ کر چکی ہے -

ٹ - اُنہوں نے ابھی یہ خط لکھا ہے ← وہ ابھی یہ خط لکھ چکے / چکی ہیں -

4.4. Svar på følgende spørsmål etter mønsteret. Bruk riktig konstruksjon av verbalrot + پانا . Husk mulige forandringer i setningsstrukturen. (EØT Kompendium s. 23)
Mønster

ا - کیا نجمہ نے اُس کام کو ختم کیا ہے ؟ ← نہیں ، وہ ابھی اُس کام کو نہیں کر پائی -

ب - کیا دھوبی نے سارے کپڑے دھوئے ہیں ؟ ← نہیں ، وہ ابھی سارے کپڑے نہیں دھو پایا -

پ - کیا آپ نے آج کا سبق پڑھا ہے ؟ ← نہیں ، میں ابھی سبق نہیں پڑھ پایا / پائی -

ت - کیا دادی جی نے شام کا کھانا پکایا ہے ؟ --> نہیں ، دادی جی ابھی کھانا نہیں پکا پائیں -

ٹ - کیا آپ لوگوں نے نئی فلم دیکھی ہے ؟ --> نہیں ، ہم ابھی فلم نہیں دیکھ پائے -

Lytteprøve (fra *rāsta batānā*)

ٹیکسی ڈرائیور کو راستہ بتانا

مسافر : ٹیکسی والے ! رکو۔

ٹ : جی ۔ کہاں جائیں گے ؟

م : میں نے گلبرگ جانا ہے ۔

ٹ : مجھے راستہ نہیں آتا ۔ آپ بتا دیں گے ؟

م : ہاں چلو۔ پہلے سیدھا چلو۔

اگلے بتی والے چوک سے بائیں ہاتھ مڑ جانا ۔

پھر ایک پل آئے گا ، اُس کے نیچے سے نکل کر دائیں طرف مڑنا ہے ۔

اگلے چوراہے سے ایک راستہ گول چکر کو جاتا ہے ۔

وہاں سے موڑ کاٹ کر واپس آنا ہے اور تھوڑی دیر بعد بائیں ہاتھ کو مڑنا ہے ۔

تین گلیاں چھوڑ کر چوتھی گلی میں دائیں ہاتھ جانا ہے ۔

پہلے دو مکان چھوڑ کر تیسرے مکان پر رُک جانا ۔